فوری ریلیز کے لیے: 29/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے 76 کمیونٹیز کو تقریباً $23 ملین کی گرانٹس تفویض کی ہیں تاکہ اسمارٹ، پائیدار اور مساوات پر قائم کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دیا جائے***

***تین اہم ریاستی محکمہ جات کے پروگراموں کے ذریعے دی گئی فنڈنگ سے کمیونٹیوں کو ساحلی کناروں کو آباد کرنے، متروکہ صنعتی مقامات کو دوبارہ تشکیل دینے اور ماحولیاتی طور پر پائیدار نواحی علاقوں کے قیام میں مدد ملے گی***

***جن کمیونٹیز کو ایوارڈ کیا گیا ہے ان میں 50 فیصد سے زیادہ ایسی ہیں جو نظر انداز شدہ اور پسماندہ کمیونٹیز کی خدمت کرتی ہیں***

***اس پروگرام کے لیے فنڈنگ کو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل (Regional Economic Development Council) اقدام کے مرحلہ XII میں شامل کیا گیا تھا - REDC ایوارڈز کی مکمل فہرست یہاںموجود ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے مرحلہ XII کے ذریعے ریاست بھر میں 76 کمیونٹیز کو $22 ملین سے اوپر کی گرانٹس تفویض کی گئی ہیں تاکہ اسمارٹ، پائیدار اور مساوات پر قائم کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دیا جائے۔ تین اہم ریاستی محکمہ جات کے پروگراموں کے ذریعے کی گئی اس فنڈنگ سے کمیونٹیز کو ساحلی کناروں کو آباد کرنے، متروکہ صنعتی مقامات کو صاف ستھرا کرنے اور ان کو دوبارہ تشکیل دینے اور ایسے نواحی علاقوں کے قیام میں مدد ملے گی جو ماحولیاتی طور پر پائیدار ہوں:

1. مقامی ساحلی کنارے کے احیائے نو کا پروگرام - $16.4 ملین برائے 23 کمیونٹیز
2. براؤن فیلڈ اپرچونٹی ایریا کا پروگرام - $4.1 ملین برائے 19 کمیونٹیز
3. اسمارٹ گروتھ کمیونٹی پلاننگ اینڈ زوننگ پروگرام - $2.4 ملین برائے 34 کمیونٹیز

جن 76 کمیونٹیز کو ایوارڈ کیا گیا ہے، ان میں 58 فیصد نظر انداز شدہ اور پسماندہ کمیونٹیز کی خدمت کریں گی۔

"ہم ریاست بھر کی کمیونٹیز میں اسمارٹ، پائیدار، اور مساوی ترقی میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ نیویارک کے شہریوں کو صاف ستھرا، روشن تر مستقبل دیا جائے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس فنڈنگ سے ساحلی کناروں کا احیائے نو کرنے، متروکہ صنعتی مقامات کو صاف ستھرا کرنے اور ان کو دوبارہ تشکیل دینے اور ماحولیاتی اعتبار سے پائیدار نواحی علاقوں کے قیام میں مدد ملے گی - جو کسی بھی پھلتی پھولتی اور پُررونق کمیونٹی کے تمام اہم پہلو ہیں۔ ہم اس مثبت اثر کو دیکھ کر بہت خوش ہیں جو اس فنڈنگ سے ان کمیونٹیز اور ان کے رہائشیوں پر پڑے گا۔"

"ہماری ریاست کی معیشت پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو رہی ہے، اور علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلیں ہر ممکن مدد کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے کہا۔** "متروکہ ساحلی کنارے کو فروغ دینے سے لے کر نظر انداز شدہ کھیتوں کی صفائی اور ترقی تک ان متنوع گرانٹس میں ایک وسیع، پائیدار گنجائش موجود

ہے۔ ان پروجیکٹس کا منافع ان کمیونٹیز کو پہنچتا ہے جن کی وہ خدمت کرتے ہیں اور ان تمام لوگوں کو پہنچتا ہے جو وہاں سیاحت کی غرض سے پہنچتے ہیں۔"

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "گورنر Hochul کا عزم یہ ہے کہ ریاست بھر میں احیائے نو کی نشاۃ الثانیہ کو پروان چڑھاتے ہوئے پائیدار اور مساوی کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دیا جائے، اس کے نتیجے ہر عمر، پس منظر اور آمدنی والے خاندانوں، کے ساتھ کاروباری اداروں اور سیاحت کے لیے نیویارک ایک انتہائی پسندیدہ مقام بنتا جا رہا ہے۔ کمیونٹیز کے لیے ایسے پروجیکٹس کے ذریعے اپنے معاشی مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا ممکن بناتے ہوئے یہ گرانٹ فنڈنگ نیویارک کی ترقی کو مزید آگے لے کر جائے گی جو پروجیکٹس موجودہ رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے زندگی کے معیار کو بہتر بناتے ہوئے، آنے والی نسلوں کے لیے اقتصادی ترقی کو فروغ دیں گے۔"

**مقامی ساحلی کنارے کے احیائے نو کا پروگرام (16.4$ ملین)**
مقامی ساحلی کنارے کے احیائے نو کا پروگرام (Local Waterfront Revitalization Program، LWRP) کمیونٹیز کو گرانٹس فراہم کرتا ہے تاکہ اپنے ساحلی کنارے کے لیے ایک نظریہ سامنے رکھتے ہوئے کمیونٹی کی جانب سے چلایا جانے والا منصوبہ تیار کیا جائے، جس کی رہنمائی مختلف ماحولیاتی پالیسیوں کی جانب سے کی گئی ہو تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یہ پروجیکٹس ساحلی کنارے کے قدرتی وسائل اور ایکو نظاموں کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

EPF-LWRP کی جانب سے فنڈ شدہ یہ پروجیکٹس عوامی رسائی کو وسعت دینے اور ماحول کو محفوظ بنانے میں مقامی کمیونٹیز کی مدد کریں گے، جبکہ سیاحت اور اقتصادی ترقیاتی مواقع کو بھی تقویت پہنچائیں گے۔ ان ایوارڈز میں مختلف قسم کے منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیراتی پروجیکٹس کا احاطہ کیا گیا ہے جن میں اقتصادی، کمیونٹی، ماحولیاتی اور تفریحی بہتریاں لانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جو مقامی معیشتوں اور ماحولیات دونوں کو بہتر بنانے کی خاطر گورنر Hochul کے عزم کی تائید کرتے ہیں۔

اس سال، مجموعی طور پر 16.4$ ملین 23 کمیونٹیز کو ایوارڈ کیے گئے تھے؛ ان ایوارڈز میں سے 15 یعنی (60%)، جن کی مالیت مجموعی طور پر 12.3$ ملین ہے، پسماندہ اور نظرانداز شدہ کمیونٹیز پر لگائے جائیں گے۔ ایوارڈز وصول کرنے والی کمیونٹیز کی ایک فہرست یہاںدستیاب ہے۔

**براؤن فیلڈ اپرچونٹی ایریا پروگرام (4.1$ملین)**
براؤن فیلڈ اپرچونٹی ایریا (Brownfield Opportunity Area، BOA) پروگرام براؤن فیلڈ مقامات کو تبدیل کرتا ہے - جو کسی محلے یا کمیونٹی کے اندر ایسے علاقے ہوتے ہیں جو - ذمہ داریوں سے لے کر کمیونٹی کے اثاثوں تک، حقیقی یا تصور کردہ ماحولیاتی حالات سے منفی طور پر متاثر ہوتے ہیں - جو متبادل طور پر نئے کاروباری ادارے، ملازمتیں، رہائش اور عوامی سہولیات پیدا کرتے ہیں اور ان میں معاونت کرتے ہیں۔

یہ پروگرام BOA کے منصوبوں کے لیے گرانٹس فراہم کرتا ہے، جو کہ مکمل ہو جانے کے بعد، ریاست نیویارک کے سیکریٹری آف اسٹیٹ کو منظوری یا "تفویض کاری" کے لیے پیش کی جاتی ہیں۔ BOA کے تفویض کردہ منصوبوں سے مطابقت رکھنے والے نفاذ العمل ہونے والے پروجیکٹس، ترجیحی ریاستی فنڈنگ وصول کرتے ہیں اور وہ اضافی 5% براؤن فیلڈ نو ترقیاتی ٹیکس کریڈٹ کے بھی حقدار ہوتے ہیں جو محکمہ تحفظ ماحولیات کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔ BOA پروگرام کی جانب سے ریاست کی طرف سے نامزد کردہ BOAs میں پیشگی ترقیاتی سرگرمیوں کے لیے گرانٹ بھی فراہم کی جاتی ہے، جیسے ماحولیاتی، ہاؤسنگ اور اقتصادی مطالعات، بنیادی ڈھانچے کے جائزے، مارکیٹنگ کی حکمت عملیاں، عوامی مصروفیت اور زوننگ اور انضباطی اپ ڈیٹس اور فیز II ماحولیاتی جگہ کی تشخیصیں۔ ریاست کے پاس اس وقت 67 نامزد BOAs موجود ہیں، جن میں سے 56 یعنی (83%) پسماندہ اور نظر انداز شدہ کمیونٹیز کی خدمت کرتے ہیں۔

اس سال، مجموعی طور پر $4.1 ملین 19 کمیونٹیز کو ایوارڈ کیے گئے تھے؛ ان ایوارڈز میں سے 11 (58%)، جن کی مالیت مجموعی طور پر $2.4 ملین ہے، پسماندہ کمیونٹیز پر لگائے جائیں گے۔ ایوارڈز وصول کرنے والی کمیونٹیز کی ایک فہرست یہاںدستیاب ہے۔

**اسمارٹ گروتھ کمیونٹی پلاننگ اینڈ زوننگ گرانٹ پروگرام ($2.4 ملین)**
اسمارٹ گروتھ پلاننگ اینڈ زوننگ گرانٹ پروگرام کی جانب سے کمیونٹیز کو میونسپل بھر کے لیے جامع منصوبوں اور زوننگ آرڈیننسز تیار کرنے کے لیے گرانٹس فراہم کی جاتی ہیں، اس کے علاوہ ہدف شدہ علاقوں کے منصوبے اور زوننگ، جیسے ڈاؤن ٹاؤنز، مرکزی کاروباری ڈسٹرکٹس اور ٹرانزٹ پر مرکوز ترقیاتی ڈسٹرکٹس کو بھی گرانٹس فراہم کی جاتی ہیں۔ کمیونٹیز کو اپنی منصوبہ بندی اور زوننگ میں اسمارٹ گروتھ کے اصولوں کو شامل کرنے کی پابندی کرنی چاہیئے، جن میں یہ شامل ہیں:

1. چلنے کے قابل، سائیکل چلانے کے قابل، ٹرانزٹ دوست سڑک کے منظر نامے؛
2. جامع، مخلوط استعمال والا کمیونٹی ڈیزائن؛
3. پُررونق ڈاؤن ٹاؤنز اور دیگر میونسپل مراکز؛
4. تمام آمدنیوں، عمروں اور صلاحیتوں کے لیے رہائش کے اختیارات کی مختلف اقسام؛
5. محفوظ، قابل رسائی عوامی مقامات؛
6. کھلے پارکس اور بیرونِ خانہ تفریحی مواقع؛ اور
7. سرسبز عمارتیں اور بنیادی ڈھانچہ۔

اس سال، مجموعی طور پر $2.4 ملین 34 کمیونٹیز کو ایوارڈ کیے گئے تھے؛ ان ایوارڈز میں سے 18 (53%)، جن کی مالیت مجموعی طور پر $612.000 ہے، پسماندہ اور نظرانداز شدہ کمیونٹیز پر لگائے جائیں گے۔ ایوارڈز وصول کرنے والی کمیونٹیز کی ایک فہرست یہاںدستیاب ہے۔

مندرجہ بالا تمام ایوارڈز کی فنڈنگ ریاست کے ماحولیاتی تحفظ فنڈ کے ذریعے کی جاتی ہے، جسے گورنر Hochul نے مالی سال 2023 کے نافذ کردہ بجٹ میں $300 ملین سے بڑھا کر $400 ملین کر دیا ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کے فنڈ کے ذریعے، محکمۂ ریاست، پوری ریاست نیویارک اور اس کے ساحلوں یا نامزد کردہ اندرونی آبی گزرگاہوں کے لیے اہل اداروں کو مسابقتی بنیادوں پر مماثل گرانٹس فراہم کرتا ہے تاکہ کمیونٹیز اور ساحلی کناروں کے احیائے نو کے لیے منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیراتی پروجیکٹس تیار کیے جائیں۔ یہ پروگرامز کمیونٹیز کی مدد کرتے ہیں تاکہ وہ ایسے طریقوں سے کمیونٹی کے اثاثوں میں زندگی کی نئی لہر پیدا کریں جو کامیاب اور پائیدار احیائے نو کو یقینی بنائیں۔

اس پروگرام کے لئے CFA وسائل اور جداگانہ پروگراموں کے ذریعے فنڈنگ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے مرحلہ 12 میں شامل کی گئی تھی۔ REDC کا عمل علاقائی شراکت داروں کی معاونت اور انہیں بااختیار بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ایسے سٹریٹیجک منصوبے تشکیل دیے جا سکیں اور ترجیحات کو فنڈ فراہم کیے جا سکیں جو مقامی اقتصادی ضروریات کو پورا کریں۔ علاقائی کونسلز کی جانب سے اس پروگرام کے پروجیکٹس پر نظرثانی کی گئی اور ایسے سکورز فراہم کیے گئے جو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کوئی پروجیکٹ علاقائی اہداف اور حکمتِ عملیوں سے کس قدر بخوبی مطابقت رکھتا ہے۔ درخواست کنندگان نے نیو یارک کی منظم فنڈنگ کی درخواست کا استعمال کیا، جو کہ ریاستی وسائل کے سلسلے میں ریاست کی واحد درخواست ہے، اور اس میں متعدد ایجنسیوں کے پروگرام شامل ہیں۔ اسے درجنوں موجودہ پروگراموں کی جانب سے گرانٹ فنڈز اور ٹیکس کریڈٹس کے مشترکہ مجموعے تک تیزتر اور درست سمت میں رسائی کی فراہمی کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ REDC اقدام کے مرحلہ 12 کے ذریعے ایوارڈ شدہ پروجیکٹس کی ایک مکمل فہرست یہاںدیکھی جا سکتی ہے۔

**فنڈنگ کی یکجا درخواست کے بارے میں**
فنڈنگ کی یکجا درخواست کو گرانٹ کی درخواست کے عمل کو ہموار اور تیز کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے ریاستی وسائل کے تعین میں نمایاں بنیادی منتقلی سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA

اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلہ مقام کے طور پر کام کرتی ہے، جہاں اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ رابطے کے کسی میکانزم کے بغیر درخواست دہندگان کو متعدد ایجنسیوں اور ذرائع کے ساتھ سست روی سے معاملہ نہ کرنا پڑے۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA سے متعلق مزید معلومات یہاں معلوم کریں۔

**علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے بارے میں**
علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کا اقدام ریاستی سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے ریاست کے لائحہ عمل کا ایک اہم جزو ہے۔ سنہ 2011 میں، 10 علاقائی کونسلیں اپنے علاقوں کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے طویل مدتی تزویراتی منصوبے تیار کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ کونسلیں سرکاری و نجی شراکت داری ہیں جو مقامی ماہرین اور کاروباری، تعلیمی، مقامی حکومت، اور غیر سرکاری تنظیموں کے حصہ داروں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ علاقائی کونسلوں نے علاقے پر مبنی، نچلی سطح کو اوپر لانے اور ریاستی وسائل کے لیے مسابقتی عمل قائم کر کے ملازمتوں اور معاشی نمو میں نیو یارک کی سرمایہ کاری کے طریقے کو نئے سرے سے متعین کیا ہے۔
regionalcouncils.ny.govپر مزید معلوم کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418